(Translation)

THE HYDERABAD STAMP ACT.

No. IV of 1331 Fasli.

Section.

Preamble.

CHAPTER I.

PRELIMINARY.

1. Short title, commencement, extent and repeal.

2. Definitions.

Banker.

Bill of exchange.

Bill of exchange payable on demand.

قانون

اسٹامپ ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۴) سنہ ۱۳۳۱ ف

دفعہ

تمہید ۔

باب اوّل

مراتب ابتدائی

۱ تعرنام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی و تنسیخ ۔

۲ تعریفات ۔

مہاجن ۔

بل آف اکسچینج

عندالطلب واجب الادا بل آف اکسچینج ۔

Bond. — تمسک -

Chargeable. — واجب الاخذ -

Cheque. — چک -

Chief controlling stamp authority. — حاکم اعلیٰ نگرانی صیغہ اسٹامپ -

Taluqdar. — تعلقدار -

Conveyance. — بیعنامہ

Duly stamped. — باضابطہ اسٹامپ شدہ -

Executed and Execution. — تکمیل شدہ و تکمیل -

Impressed stamp. — منقش اسٹامپ -

Instrument. — دستاویز -

Instrument of partition. — تقسیم نامہ -

Lease. — دستاویز اجارہ -

Mortgage-deed. — رہن نامہ -

Power of attorney. — مختارنامہ -

Promissory note. — پرامیسری نوٹ -

Receipt. — رسید -

Settlement. — تملیک نامہ -

CHAPTER II.

باب دوم

STAMP DUTIES.

رسوم اسٹامپ -

A—Instrument chargeable with stamp duty. — (الف) دستاویزات جن پر رسوم اسٹامپ واجب الاخذ ہے -

(Translation)

3. Instruments chargeable with stamp duty and amount thereof.

4. Where several instruments are executed in single transaction of sale, mortgage, or settlement.

5. Stamp duty when instrument comprises certain matters.

6. Duty when instrument comes under two or more items in Schedule.

7. Power of Government to reduce or remit duties.

B—Stamp and mode of its use.

8. Mode of paying stamp duties.

9. Instruments on which adhesive stamp may be affixed.

10. Cancellation of adhesive stamps.

11. Manner of writing instrument on impressed stamps.

12. Where any instrument has been written on stamp, no second instrument shall be written thereon.

13. Effect of contravention of provisions of sections 11 and 12.

قانون اسٹامپ ۔ نشان (۴) ۱۳۳۱ف

۳ ۔ کن دستاویزات پر رسوم اسٹامپ واجب الاخذ ہے اور کس قدر ۔

۴ ۔ جب بیع رہن یا تملیک کی ایک ہی کارروائی میں متعدد دستاویزات تکمیل کی جائیں ۔

۵ ۔ رسوم اسٹامپ جب دستاویز چند مطالب پر حاوی ہو ۔

۶ ۔ رسوم جب دستاویز ضمیمہ کی دو یا زیادہ مدات میں داخل ہو ۔

۷ ۔ سرکار عالی کا اختیار نسبت تخفیف یا معافی رسوم ۔

(ب) اسٹامپ اور اس کا طریقہ استعمال ۔

۸ ۔ رسوم اسٹامپ ادا کرنے کا طریقہ ۔

۹ ۔ کن دستاویزات پر اسٹامپ چسپاں دفی لگانا جائز ہے ۔

۱۰ ۔ اسٹامپ چسپاں دفی کا قلمزد کیا جانا ۔

۱۱ ۔ اسٹامپ منقش پر دستاویز لکھنے کا طریقہ ۔

۱۲ ۔ جب کسی اسٹامپ پر کوئی دستاویز لکھی جا چکی ہو تو اس پر کوئی دوسری دستاویز نہ لکھی جائے گی ۔

۱۳ ۔ خلاف ورزی احکام دفعہ ۱۱ و ۱۲ کا اثر ۔

14. Payment of duty when to be denoted by Taluqdar.

۱۴ ۔ تعلقدار ادای رسوم کی کیفیت کب تحریر کرے گا ۔

C—The time of stamping instruments.

(ج) ۔ دستاویزات پر اسٹامپ لگانیکا وقت ۔

15. Instruments executed within H.E.H. the Nizam's Dominions.

۱۵ ۔ جب دستاویزات ممالک محروسہ سرکار عالی کے اندر تکمیل کی جائیں ۔

16. Instruments other than bills of exchange, and promissory notes executed out of H. E. H. the Nizam's Dominions.

۱۶ ۔ بل آف اکسچینج ۔ چک اور پرامیسری نوٹ کے سوائے دوسری دستاویزات جو بیرون ممالک محروسہ تکمیل کی جائیں ۔

17. Bills of exchange and promissory notes made out of H. E. H. the Nizam's Dominions.

۱۷ ۔ بل آف اکسچینج چک اور پرامیسری نوٹ جن کی تکمیل بیرون ممالک محروسہ ہوئی ہو ۔

D—Valuation of charging duty.

(د) ۔ تعین مالیت بغرض اخذ رسوم ۔

18. Foreign currency to be valued at market rate.

۱۸ ۔ ملک غیر کے سکہ کا تعین مالیت بموجب شرح بازار ہوگا ۔

19. Mode for valuing stocks or other negotiable securities.

۱۹ ۔ اسٹاک یا دیگر کفالت نامہ جات قابل بیع و شریٰ کے تعین مالیت کا قاعدہ ۔

20. Effect of statement of rate of exchange or average market-price in instrument.

۲۰ ۔ دستاویز میں شرح بٹاون یا اوسط قیمت بازار کے اندراج کا اثر ۔

21. Instruments by which interest is payable.

۲۱ ۔ دستاویزات جن میں سود واجب الادا ہو ۔

22. Duty on conveyance when consideration thereof is debt; or when it contains promise to advance money in future.

۲۲ ۔ دستاویز انتقال پر رسوم جب اس کا بدل قرضہ ہو یا اس میں آئندہ قرضہ دینے کا وعدہ ہو ۔

23. Valuation in case of annuity etc.

24. Stamp duty where value of subject matter of instrument is indeterminate.

25. Facts affecting stamp duty to be set forth in instrument.

26. Directions as to payment of duty on certain kinds of conveyance.

E—Duties by whom payable.

27. Duties by whom payable.

28. Obligation to give receipt in certain cases.

CHAPTER III.

DETERMINATION OF STAMP DUTIES.

29. Determination of stamp duties.

30. Certificate by Taluqdar.

CHAPTER IV.

INSTRUMENTS NOT DULY STAMPED.

31. Examination and impounding of instruments.

۲۳ ۔ سالیانہ وغیرہ کی صورت میں تعین مالیت ۔

۲۴ ۔ رسوم اسٹامپ جب شئے مندرجہ دستاویز کی مالیت غیر معین ہو ۔

۲۵ ۔ واقعات جو رسوم اسٹامپ پر موثر ہوں ان کی صراحت دستاویز میں کی جانی چاہیئے ۔

۲۶ ۔ بعض قسم کی دستاویزات انتقال پر رسوم کی ادائی کے متعلق ہدایات ۔

(ھ) ۔ رسوم کس کے ذمہ واجب الادا ہے ۔

۲۷ ۔ رسوم کس کے ذمہ واجب الادا ہے ۔

۲۸ ۔ بعض صورتوں میں رسید دینے کی ذمہ داری ۔

باب سوم

تشخیص اسٹامپ ۔

۲۹ ۔ تشخیص اسٹامپ

۳۰ ۔ تعلقدار کا صداقت نامہ ۔

باب چہارم

دستاویزات جو حسب ضابطہ اسٹامپ شدہ نہ ہوں ۔

۳۱ ۔ دستاویزات کا معائنہ اور ان کی ضبطی ۔

قانون اسٹامپ - نشان (۴) ۱۳۳۱ف

32. Special provision as to unstamped receipt.

۳۲ - غیر اسٹامپ شدہ رسید کے متعلق خاص حکم -

33. Instruments not duly stamped inadmissible in evidence.

۳۳ - دستاویزات جو حسب ضابطہ اسٹامپ شدہ نہ ہوں وہ ناقابل ادخال شہادت ہیں - علاقہ جات پائیگاہ وغیرہ میں تاوان کا بشکل اسٹامپ ادا ہونا -

34. Instrument admitted not to be questioned.

۳۴ - جب دستاویز قبول کرلی جائے تو اس کے متعلق اعتراض نہ کیا جاسکے گا -

35. Admission of instruments bearing stamp of description different from that prescribed therefor.

۳۵ - ان دستاویزات کا قبول کیا جانا جن پر اسٹامپ اس سے مختلف قسم کا ثبت ہو جو ان کے لئے معین کیا گیا ہو -

36. Instruments impounded, how dealt with.

۳۶ - جو دستاویزات ضبط کئے جائیں اُن کے متعلق کس طرح عمل کیا جائے گا -

37. Taluqdar's power to refund penalty recovered under section 36, sub-section (1).

۳۷ - تعلقدار کا اختیار نسبت واپسی زرتاوان جو حسب دفعہ ۳۶ ضمن (۱) وصول ہوا ہو -

38. Taluqdar's powers to stamp instruments impounded.

۳۸۔ تعلقدار کا اختیار ان دستاویزات پر اسٹامپ ثبت کرنے کے متعلق جو ضبط کی گئی ہوں۔

39. Instruments unduly stamped by accident.

۳۹۔ دستاویزات جو سہواً اتفاق سے بے ضابطہ اسٹامپ شدہ ہوں۔

40. Endorsement on instruments on which duty has been taken under section 33, 38 or 39.

۴۰۔ ان دستاویزات پر عبارت ظہری جن کے متعلق رسوم حسب دفعہ ۳۳ یا ۳۸-۳۹ لی گئی ہو۔

41. Prosecution for contravention of Stamp Act.

۴۱۔ قانون اسٹامپ کی خلاف ورزی کی بابت استغاثہ۔

42. When persons paying duty or penalty may recover same from other persons.

۴۲۔ جو اشخاص رسوم یا تاوان ادا کریں وہ اس کو دوسرے اشخاص سے کب وصول کر سکیں گے۔

43. Power of Chief Controlling Stamp authority to refund excess duty and penalty.

۴۳۔ حاکم اعلیٰ نگرانی اسٹامپ کا اختیار زائد رسوم اور تاوان کی واپسی کے متعلق۔

44. Non-liability for loss of instruments sent under section 37.

۴۴۔ دستاویزات جو حسب دفعہ ۳۷ بھیجی گئی ہوں ان کے گم ہو جانے کی وجہ سے کوئی ذمہ داری نہ ہوگی۔

45. Power of payer to stamp bills and promissory notes received by him unstamped.

۴۵ ۔ بل اور وعدہ ادا کی رسید جو اس کو بغیر اسٹامپ کے ملی ہو اسٹامپ لگانے کا ادا کنندہ کا اختیار ۔

46. Mode of recovery of duties and penalty.

۴۶ ۔ رسوم اور تاوان کی وصول یابی کا طریقہ ۔

CHAPTER V.

باب پنجم

ALLOWANCE FOR STAMPS IN CERTAIN CASES.

رعایت نسبت اسٹامپ کے بعض صورتیں ۔

47. Allowance for spoiled stamps.

۴۷ ۔ خراب شدہ اسٹامپ کی نسبت رعایت ۔

48. Application under section 47 when to be made.

۴۸ ۔ دفعہ ۴۷ کی رو سے درخواست کب پیش ہوسکے گی ۔

49. Refund of value of stamp without limit of time.

۴۹ ۔ واپسی قیمت اسٹامپ بلا قید مدت ۔

50. Allowance in case stamp has been misused.

۵۰ ۔ اس صورت میں رعایت جب اسٹامپ بے جا طور پر استعمال ہوا ہو ۔

51. Allowance for spoiled or misused stamp.

۵۱ ۔ خراب شدہ یا بیجا استعمال شدہ اسٹامپ کے متعلق رعایت ۔

52. Allowance for stamps not required for use.

۵۲ ۔ ایسے اسٹامپ کے متعلق رعایت جن کی استعمال کے لئے ضرورت نہ رہی ہو ۔

53. Allowance in case of renewal of certain debentures.

۵۳ - بعض ڈبنچرز کی تجدید کی صورت میں رعایت -

CHAPTER VI.

REFERENCE AND REVISION.

باب ششم

استصواب و نگرانی -

54. Control of and reference to Chief Controlling Stamp authority.

۵۴ - حاکم اعلیٰ نگرانی صیغہ اسٹامپ کی نگرانی اور اس سے استصواب -

55. Chief Controlling Stamp authority may make reference to High Court.

۵۵ - حاکم اعلیٰ نگرانی صیغہ اسٹامپ مجلس عالیہ عدالت سے استصواب کر سکے گا -

56. High Court may call for further statement of case.

۵۶ - مجلس عالیہ عدالت مقدمہ کی مزید کیفیت طلب کر سکے گی -

57. Procedure in disposing of case.

۵۷ - مقدمہ کا فیصلہ کرنے میں ضابطہ -

58. Courts may draw statement of case and send for decision to High Court.

۵۸ - عدالتیں مقدمہ کی کیفیت لکھ کر مجلس عالیہ عدالت کے فیصلہ کیلئے بھیج سکیں گی -

59. Revision of certain decisions regarding sufficiency of stamps.

۵۹ - رسوم کافی ہونے کے متعلق فیصلہ جات کی بعض صورتوں میں نگرانی -

CHAPTER VII.

OFFENCES AND PROCEDURE.

باب ہفتم

جرائم اور ضابطہ کارروائی -

60. Penalty for executing instruments not stamped.

۶۰ - غیر اسٹامپ شدہ دستاویزات کی تکمیل کے

قانون اسٹامپ ۔ نشان (۴) ۱۳۳۱ف

بابت سزا ۔

61. Penalty for not cancelling or oblitering adhesive stamp.

۶۱ ۔ اسٹامپ چسپانیدنی کو قلمزد اور بے کار نہ کرنے کی بابت سزا ۔

62. Penalty for not complying with provisions of section 25.

۶۲ ۔ دفعہ ۲۵ کے احکام کی تعمیل نہ کرنے کی علت میں سزا ۔

63. Penalty for refusal to give receipt or for device to evade duty on receipt.

۶۳ ۔ رسید دینے سے انکار کرنے یا رسید سے رسوم بچانے کی تدابیر کرنے کی بابت سزا ۔

64. Penalty when bill is post dated or other devices are adopted to cause loss of stamp to Government.

۶۴ ۔ سزا جب سرکار عالی کو اسٹامپ کا نقصان پہونچانے کے لئے بل میں تاریخ مابعد لکھی جائے یا اور تدابیر اختیار کی جائیں ۔

65. Penalty for breach of rules relating to vendor of stamp.

۶۵ ۔ قواعد متعلق اسٹامپ فروش کی خلاف ورزی کی بابت سزا ۔

66. Permission to institute prosecution.

۶۶ ۔ اجازت ارجاع نالش ۔

67. Magistrate who shall have jurisdiction.

۶۷ ۔ کس ناظم کو اختیارات حاصل ہوں گے ۔

68. Place of trial.

۶۸ ۔ مقام تحقیقات ۔

CHAPTER VIII.

MISCELLANEOUS PROVISIONS.

69. Inspection of registers, etc.

70. Power to make rules for sale of stamps.

71. Power to make rules generally for purposes of Act.

72. Publication of rules.

73. This Act not to affect enactment relating to court fees.

74. Omitted.

SCHEDULE.

Stamp Duty on Instruments.

باب ہشتم

متفرق احکام ۔

۶۹ ۔ رجسٹرات وغیرہ کا معائنہ ۔

۷۰ ۔ اسٹامپ فروخت کرنے کے لئے قواعد مرتب کرنے کا اختیار ۔

۷۱ ۔ قانون کی اغراض کے لئے بالعموم قواعد وضع کرنے کا اختیار ۔

۷۲ ۔ قواعد کی اشاعت ۔

۷۳ ۔ یہ قانون قانون رسوم عدالت پر موثر نہ ہوگا ۔

۷۴ ۔ اسٹامپ جو جاگیرات میں استعمال ہوگا ۔ حذف ۔

ضمیمہ :۔ دستاویزات پر رسوم اسٹامپ ۔

(*Translation*)

THE HYDERABAD STAMP ACT.

No. IV of 1331 F.

(Received the assent of H. E. H. the Nizam on 24th Rabiussani 1341 Hijri).

Preamble.

WHEREAS it is expedient to consolidate and amend the Stamp Act ; It is hereby enacted as follows :—

CHAPTER I.

PRELIMINARY.

Short title, commencement, extent and repeal.

1. (1) This *Act may be called the Hyderabad Stamp Act, and it shall come into force in the whole of His Exalted Highness the Nizam's Dominions from the first day of Khurdad, 1332 F.

*Published in the Jarida dated 5th Isfandar 1332 F.

قانون اسٹامپ ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۴) ۱۳۳۱ف

(پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہم سے بتاریخ ۲۴ ربیع الثانی ۱۳۴۱ھ منظور ہوا۔)

تمہید۔ | ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ قانون اسٹامپ کی تدوین و ترمیم کی جائے لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :۔

باب اوّل

مراتب ابتدائی۔

مختصر نام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی و تنسیخ۔

دفعہ (۱)۔ یہ قانون بنام

* جریدہ اعلامیہ مورخہ ۵ اسفندار ۱۳۳۲ف میں شائع ہوا۔

قانون اسٹامپ ۔ نشان (۴) ۱۳۳۱ف

"قانون اسٹامپ ممالک محروسہ سرکار عالی" موسوم ہو سکے گا اور یکم خورداد ۱۳۳۲ف سے کل ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا ۔

(2) The Stamp Act of 1298 F. shall be repealed as from the commencement of this Act.

(۲) ۔ تاریخ نفاذ قانون ہذا سے قانون اسٹامپ مصدرہ ۱۲۹۸ف منسوخ ہوگا ۔

2. In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context, —

Definitions.

تعریفات ۔ | دفعہ ۲ ۔ قانون ہذا میں بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اوس کے خلاف ہو ۔

(1) "banker" includes a bank and any person doing banking business ;

Banker.

مہاجن ۔ | (۱) ۔ "مہاجن" میں بنک اور ہر ایسا شخص داخل ہے جو مہاجنی کاروبار کرتا ہو ۔

(2) "bill of exchange" means a bill of exchange as defined in the Hyderabad Negotiable Instruments Act No. V of 1318 Fasli, and includes also a hundi, and any other document, entitling or purporting to entitle any person, whether named therein or not, to receive from any other person or to order payment of any sum of money ;

Bill of exchange

بل آف اکسچینج ۔ | (۲) ۔ "بل آف اکسچینج" سے ایسا بل آف اکس چینج مراد ہے جس کی تعریف قانون دستاویزات قابل بیع وشری ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۵) ۱۳۱۸ف میں کی گئی ہے اور اس میں ہنڈوی اور نیز ایسی دوسری دستاویز داخل ہے جس کی رو سے کوئی شخص خواہ اوس کا نام اوس دستاویز میں درج ہو

(3) "bill of exchange payble on demand" includes —

Bill of exchange payable on demand:

(۳) "عند الطلب واجب الادا بل آف اکسچینج" واجب الادا بل آف اکسچینج "میں داخل ہے۔

عند الطلب واجب الادا بل آف اکسچینج -

(a) an order for the payment of any specified sum of money by a bill of exchange or promissory note, or for the delivery of any bill of exchange or promissory note in satisfaction of any specified sum of money, or for the payment of any fixed sum of money out of any particular fund which may or may not be available for payment or upon any condition or contingency which may or may not be fulfilled or happen ;

(الف) - بل آف اکسچینج یا پرامیسری نوٹ کے ذریعہ سے کسی معین رقم کے ادا کرنے کا یا کسی معین رقم کی بے باقی کے لئے کسی بل آف اکسچینج یا پرامیسری نوٹ کی حوالگی کا حکم یا کسی معین رقم کے کسی خاص سرمایہ سے ادا کا حکم خواہ وہ سرمایہ ادا کے لئے موجود ہو یا نہ ہو یا اوس کی ادائی کسی ایسی شرط پر موقوف ہو جو پوری ہو یا نہ ہو یا کسی ایسے امر اتفاقی پر موقوف ہو جو واقع ہو یا نہ ہو۔

(b) an order for the payment of any sum of money weekly, monthly or at a specified period;

(ب) - کسی رقم کے ہفتہ وار یا ماہانہ یا مدت معینہ پر ادا کا حکم۔

(c) a letter of credit, that is to say, any recommendatory note by which one person authorises another to give money on credit to a third person in whose favour it is drawn;

(ج) - رقعہ اجازتی یعنی سفارشی چٹھی جس کی رو سے ایک شخص دوسرے شخص کو مجاز کرے کہ وہ کسی تیسرے شخص کو جس کے حق میں وہ لکھا گیا

(4) "bond" includes —

Bond.

(a) every instrument whereby a person agrees to pay money to another, on condition that the agreement shall be void if a specific act is performed, or is not performed, as the case may be;

(b) every instrument attested and not payable to order or bearer, whereby a person agrees to pay money to another;

(c) every instrument attested whereby a person agrees to deliver grain or any other kind of agricultural produce to another;

(5) "chargeable" means, as applied to an instrument executed after the commencement of this Act, or, as applied to an instrument first executed by serveral executants at different times, after the commencement of this Act, chargeable under this Act, and, applied to any other kind of instrument as chargeable

Chargeable.

قانون اسٹامپ ۔ فصل (۴) ۱۳۳۱ف

سے روپیہ قرض دے ۔

تمسک ۔ (۴) "تمسک" میں داخل ہے

(الف) ۔ ہر دستاویز جس کی رو سے ایک شخص دوسرے شخص کو اس شرط پر روپیہ ادا کرنے کا اقرار کرے کہ کسی خاص فعل کے عمل میں آنے یا نہ آنے پر (جیسی صورت ہو) اقرار مذکور فسخ ہو جائے گا ۔

(ب) ۔ ہر دستاویز جس پر کسی کی گواہی ہو اور جو قابض کے حکم پر یا حامل کو واجب الادا نہ ہو اور جس کی رو سے ایک شخص دوسرے شخص کو روپیہ دینے کا اقرار کرے ۔

(ج) ۔ ہر دستاویز جس پر گواہی ثبت ہو اور جس کی رو سے ایک شخص دوسرے شخص کو غلہ یا اور کسی قسم کی پیداوار زراعتی حوالہ کرنے کا اقرار کرے ۔

واجب الاخذ ۔ (۵) "واجب الاخذ" سے قانون ہذا کے بموجب واجب الاخذ مراد ہے جب وہ کسی ایسی دستاویز کے متعلق استعمال کیا جائے جس کی تکمیل اس قانون کے نفاذ کے بعد

(*Translation*)

under the law in force when such instrument was executed or first executed;

(6) "cheque" means a bill of exchange drawn on a specified banker and endorsed to be payable only on demand;

Cheque.

(7) "Chief Controlling Stamp authority" means Member of the Executive Council in charge of the stamp Department;

Chief Controlling Stamp authority.

(8) "Taluqdar" means, in the districts, the First Taluqdar of a district and, in the City of Hyderabad, the Inspector-General of Stamps. The Governmet may, by notification, appoint any other officer a Taluqdar for any special area.

Taluqdar.

قانون اسٹامپ۔ نشان (۴) ۱۳۳۱ف

کی گئی ہو یا جب مختلف تکمیل کنندگان نے مختلف اوقات پر تکمیل کی ہو تو جب اس کی تکمیل اول مرتبہ قانون ہذا کے نفاذ کے بعد ہوئی ہو۔ اور

جب وہ کسی اور قسم کی دستاویز کے متعلق استعمال کیا جائے تو اس قانون کی رو سے واجب الاخذ مراد ہے جو اس دستاویز کی تکمیل یا تکمیل اول کے وقت نافذ ہو۔

چیک۔ (۶) "چیک" سے وہ بل آف ایکسچینج مراد ہے جو کسی خاص مہاجن کے نام لکھا جائے اور جس میں صرف عند الطلب ادا کئے جانے کا حکم ہو۔

حاکم اعلیٰ نگرانی صیغہ اسٹامپ۔ (۷) "حاکم اعلیٰ نگرانی صیغہ اسٹامپ" سے صدر المہام صیغہ اسٹامپ مراد ہے۔

تعلقدار۔ (۸) "تعلقدار" سے اضلاع میں اول تعلقدار ضلع اور بلدہ میں انسپکٹر جنرل اسٹامپ مراد ہیں سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ کسی اور عہدہ دار کو بذریعہ اشتہار کسی خاص رقبہ کے لئے تعلقدار مقرر کرے۔

(9) "conveyance" includes every instrument by which a person transfers any property in his life time and for which there is no specific provision in the Schedule.

Conveyance.

(10) "duly stamped" as applied to an instrument means that an adhesive or impressed stamp of not less than an amount prescribed therefor by law has been used on the instrument and that such stamp has been affixed or used in accordance with the law enacted by the Government.

Duly stamped.

(11) The word "executed" used with reference to an instrument means 'signed' and, when "execution" of an instrument is said to have been made, it means the affixing of signature thereto.

Executed and execution.

(12) "impressed stamp" includes —

(a) labels affixed and impressed by the competent officer;

بیعنامہ - (۹) "بیعنامہ" میں ہر ایسی دستاویز داخل ہے جس کی رو سے کوئی شخص کسی جائداد کو اپنی زندگی میں منتقل کردے اور جس کیلئے ضمیمہ میں کوئی خاص حکم نہو -

باضابطہ اسٹامپ شدہ - (۱۰) "باضابطہ اسٹامپ شدہ" سے بہ تعلق کسی دستاویز کے یہ مراد ہے کہ اوس دستاویز پر چسپا نیدنی یا منقشہ اسٹامپ مستعمل ہوا ہے جو اوس رقم سے کم نہیں ہے جو اوس کے لئے قانوناً مقرر ہے اور وہ اسٹامپ حسب قانون مجریہ سرکار عالی چسپان کیا گیا یا مستعمل ہوا ہے -

تکمیل شدہ و تکمیل - (۱۱) الفاظ "تکمیل شدہ" جب وہ کسی دستاویز کے متعلق استعمال کئے جائیں تو اون سے دستخط شدہ مراد ہے اور جب یہ کہا جائے کہ کسی دستاویز کی تکمیل کی گئی ہے تو اوس سے اوس پر دستخط ہونا مراد ہے -

منقش اسٹامپ - (۱۲) "منقش اسٹامپ" میں داخل ہیں

(الف) ٹکٹ جن کو عہدہ دار مجاز نے چسپان اور منقش کیا ہو -

(b) stamps embossed or engraved on stamped paper.

(13) "instrument" includes every writing by which any right or liability is, or purports to be, created, transferred, limited, extended, extinguished or recorded ;

Instrument.

(14) "instrument of partition" means any instrument whereby co-owners of any property divide or agree to divide such property among them and includes a private award directing a partition ;

Instrument of partition.

(15) "lease" means an instrument whereby immovable property is leased and includes —

Lease.

(a) an instrument of patta ;

(b) a kabuliyat or other instrument containing an undertaking, not being a kabuliyat of a lease, to cultivate, occupy or pay or deliver rent for immovable property ;

(ب) - اسٹامپ جو اسٹامپ کے کاغذ پر ابھرے ہوئے یا منقش ہوں -

دستاویز - (۱۳) "دستاویز" میں ہر ایسا نوشتہ داخل ہے جس کے ذریعہ سے کوئی استحقاق یا ذمہ داری پیدا یا منتقل یا محدود یا وسیع یا ساقط کیگئی ہو یا اوس کا اندراج کیا گیا ہو - یا جس سے ایسا کرنا ظاہر ہوتا ہو -

تقسیم نامہ - (۱۴) "تقسیم نامہ" سے ہر دستاویز مراد ہے جس کی رو سے کسی جائداد کے شرکا رجائداد مذکور کو باہم تقسیم کرلیں یا تقسیم پر راضی ہوں اور اوس میں فیصلہ ثالثی خانگی جسمیں تقسیم کا حکم ہو داخل ہے -

دستاویز اجارہ - (۱۵) "دستاویز اجارہ" سے وہ دستاویز مراد ہے جس کے ذریعہ سے جائداد غیر منقولہ کا اجارہ دیا گیا ہو اور اس میں داخل ہے .

(الف) - دستاویز پٹہ -

(ب) - قبولیت یا ایسی دستاویز جس میں جائداد غیر منقولہ کے کاشت کرنے یا اوس پر دخیل رہنے یا اوس کی بابت کرایہ یا لگان ادا یا

(Translation)

(c) an instrument by which toll of any description is let ;

(ج) ۔ ایسی دستاویز جس کے ذریعہ سے کسی قسم کی محصول کا تعہد دیا جائے ۔

(d) any writing on an application for obtaining a lease signifying that the application is granted ;

(د) ۔ کوئی تحریر جو کسی درخواست حصول اجارہ پر ہو اور جس سے ظاہر ہوتا ہو کہ درخواست منظور کی گئی ۔

(16) "mortgage-deed" includes every instrument whereby, for securing the recovery of the money advanced or to be advanced by way of loan, or for securing the recovery of an existing or a future debt, or the performance of a contract, a person transfers to, or creates in favour of another person, a right over or in respect of specified property ;

Mortgage-deed.

رہن نامہ ۔ (۱۶) "رہن نامہ" میں ہر دستاویز داخل ہے جس کے ذریعہ سے اس روپیہ کے وصول کے اطمینان کے لئے جو قرض دیا گیا ہو یا قرض دیا جائے یا کسی موجودہ یا آئندہ قرضہ کے وصول کے اطمینان کے لئے یا کسی معاہدہ کی تکمیل کے لئے کوئی شخص کسی معین جائداد کو یا اس کے متعلق کوئی حق کسی دوسرے شخص کے نام یا اس کے حق میں منتقل یا قایم کرے ۔

(17) "power of attorney" includes any instrument (not chargeable with a fee under the Court Fees Act) empowering a specified person to act for the executant ;

Power of attorney.

مختار نامہ ۔ (۱۷) "مختار نامہ" میں ہر دستاویز داخل ہے (جس پر قانون رسوم عدالت کی رو سے کوئی رسوم واجب الاخذ نہ ہو) جس کی رو سے کسی خاص شخص کو اختیار دیا جائے کہ وہ تکمیل کنندہ کی طرف سے کارروائی کرے ۔

(Translation)

(18) "promissory note" means a promissory note as defined in the Hyderabad Negotiable Instruments Act, and it also includes a writing promising the payment of any sum of money out of any particular fund which may or may not be available for payment or upon any condition or contingency which may or may not be fulfilled or happen ;

Promissory note.

پرامیسری نوٹ - (۱۸) - "پرامیسری نوٹ" سے ایسا پرامیسری نوٹ مراد ہے جس کی تعریف قانون دستاویزات قابل بیع و شری ممالک محروسہ سرکار عالی میں کی گئی ہے اور اس میں ایسی تحریر بھی داخل ہے جس میں کسی رقم کے کسی خاص سرمایہ سے ادا کا وعدہ کیا جائے خواہ وہ سرمایہ ادا کے لئے موجود ہو یا نہ ہو یا اس کی ادائی کسی ایسی شرط پر موقوف ہو جو پوری ہو یا نہ ہو یا کسی ایسے امر اتفاقی پر موقوف ہو جو واقع ہو یا نہ ہو -

(19) "receipt" includes any note, memorandum or writing, whether the same is signed or is not by any person —

Receipt.

رسید - (۱۹) - "رسید" میں ہر چٹھی یا یادداشت یا تحریر داخل ہے خواہ اس پر کسی شخص کے دستخط ہوں یا نہ ہوں -

(a) whereby money, bill of exchange, cheque or promissory note is acknowledged to have been received ; or

(الف) - جس کے ذریعہ سے زر نقد یا بل آف اکسچینج یا چک یا پرامیسری نوٹ کے وصول ہونے کا اقرار کیا جائے - یا

(b) whereby any other movable property is acknowledged to have been received in satisfaction of a debt ; or

(ب) - جس کے ذریعہ سے کسی قرضہ کے ایفاء میں کسی اور جائداد منقولہ کے وصول ہونے کا

(Translation)

(c) whereby any debt or demand or a part thereof is acknowledged to have been paid or discharged ; or

(ج) ۔ جس کے ذریعہ سے کسی قرضہ یا مطالبہ یا اُس کے جزو کے ادا یا بے باق ہونے کا اقرار کیا جائے ۔ یا

(d) which signifies or imports any acknowledgment mentioned in clause (a), (b) or (c).

(د) ۔ جسکی عبارت سے اقرار متذکرہ ضمن الف یا ب یا ج مفہوم یا مترشح ہوتا ہو ۔

(20) "settlement" means a disposition in writing, not of the nature of a testament of movable or immovable property made —

Settlement.

تملیک نامہ ۔ (۲۰) "تملیک نامہ" سے جائداد منقولہ یا غیر منقولہ کی تحریری تملیک مراد ہے جو از قسم وصیت نہ ہو اور جو

(a) in consideration of marriage, or

(الف) ۔ بہ معاوضہ ازدواج ہو ۔ یا

(b) for the purpose of distributing property among the relatives of the settler or the persons whom he desires to maintain ; or

(ب) ۔ بغرض تقسیم جائداد ما بین اقربا داران تملیک کنندہ یا اون اشخاص کے ہو جن کی وہ پرورش کرنا چاہتا ہو ۔ یا

(c) for the purpose of maintaining the persons dependent on him; or

(ج) ۔ بغرض پرورش اون اشخاص کے ہو جو اوس کے زیر پرورش ہوں ۔ یا

(d) for any religious or charitable purpose ;

(د) ۔ کسی مذہبی یا خیراتی غرض کیلئے ہو

and includes an agreement which contains a promise for such disposition and, where any disposition has not been made in writing, the word includes any instrument recording, whether by way of declaration of trust or otherwise, the terms of such disposition.

اور اس میں ایسا اقرار نامہ بھی داخل ہے جس میں ایسی تملیک کا وعدہ کیا جائے اور جب کوئی انتقال تحریری نہ ہوا ہو تو لفظ مذکور میں ایسی دستاویز داخل ہے جس میں خواہ باظہار امانت یا اور طور پر انتقال مذکور کی شرائط درج ہوں ۔

CHAPTER II.

باب دوم

STAMP DUTIES.

رسوم اسٹامپ ۔

(a) *Instruments Chargeable with Stamp Duty.*

(الف) ۔ دستاویزات جن پر رسوم اسٹامپ واجب الاخذ ہے ۔

Instruments chargeable with stamp duty and amount thereof.

3. Subject to the provisions of this Act and the exemptions contained in the schedule, the following instruments shall be chargeable with stamp duty of the amount prescribed in the schedule:—

دفعہ ۳ ۔ کن دستاویزات پر رسوم اسٹامپ واجب الاخذ ہے اور کس قدر ۔

بمتابعت احکام قانون ہذا و مستثنیات مندرجہ ضمیمہ دستاویزات مفصلہ ذیل پر اوس قدر رسوم اسٹامپ واجب الاخذ ہوگا جو ضمیمہ مذکور میں قرار دیا گیا ہے ۔

(a) every instrument mentioned in that Schedule which, not having

(الف) ۔ ہر دستاویز متذکرۂ ضمیمہ

been previously executed by any person, is executed in H.E.H. the Nizam's Dominions on or after the commencement of this Act;

(b) every *[bill of exchange payable otherwise than on demand] or promissory note drawn out of H.E.H. the Nizam's Dominions on or after the commencement of this Act and accepted or paid, or presented for acceptance or payment, or endorsed, transferred, or otherwise negotiated in H.E.H. the Nizam's Dominions; and

(c) every instrument (other than a bill of exchange*[ ] or promissory note) mentioned in the Schedule which, not having been previously executed by any person, is executed out of H.E.H. the Nizam's Dominions on or after the commencement of this Act, relates to any property situate in H.E.H. the Nizam's Dominions or relates to any matter done or to be done in H.E.H. the Nizam's Dominions and the instrument is brought into H.E.H. the Nizam's Dominions:

*Amended by Regulation No. XIV of 1359 F.

مذکور جس کی تکمیل پہلے سے کسی شخص کی طرف سے نہ ہوئی ہو اور جو بتاریخ نفاذ قانون ہذا یا اوس کے بعد ممالک محروسہ سرکار عالی میں تکمیل پائے۔

(ب)۔

every *[bill of exchange payable otherwise than on demand.]

یا پرامیسری نوٹ جو بتاریخ نفاذ قانون ہذا یا اوس کے بعد ممالک محروسہ سرکار عالی کے باہر لکھا جائے اور ممالک محروسہ سرکار عالی کے اندر سکارا یا ادا کیا جائے یا سکارنے یا ادا کیلئے پیش کیا جائے یا اس پر عبارت ظہری یا عبارت انتقال لکھی جائے یا اور طور پر اس کی بیع و شری کی جائے۔ اور

(ج)۔ ہر دستاویز (باستثنا بل آف ایکسچینج [*یا پرامیسری نوٹ) مندرجہ ضمیمہ مذکور جس کی تکمیل پہلے سے کسی شخص کی طرف سے نہ ہوئی ہو اور بتاریخ نفاذ قانون ہذا یا اوس کے بعد ممالک محروسہ سرکار عالی کے باہر تکمیل پائے اور کسی ایسی جائداد سے متعلق ہو جو ممالک محروسہ سرکار عالی کے اندر موجود ہو یا کسی ایسے امر سے

*Amended by Regulation No. XIV of 1359 F.

(Translation)

Provided that stamp duty shall not be chargeable on any instrument written by, or on behalf of, or in favour of the Government in case where, but for this exemption, the Government would be liable to pay the stamp duty chargeable.

4. (1) Where the transaction is of sale, mortgage or settlement and more than one instrument are written for completion thereof, the principal instrument only shall be chargeable with the stamp duty prescribed in the Schedule for the conveyance, mortgage or settlemnet and each of the other instruments shall be chargeable with a stamp duty of *[three rupees] only, notwithstanding anything to the contrary contained in the schedule.

Where several instruments are executed in single transaction of sale, mortgage or settlement.

*Amended by Regulation No. XIV of 1359 F.

قانون اسٹامپ - نشان (۴) ۱۳۳۱ ف

متعلق ہو جو ممالک محروسہ سرکار عالی کے اندر کیا جائے یا کیا جانے والا ہو اور وہ دستاویز ممالک محروسہ سرکار عالی کے اندر لائی جائے۔

مگر شرط یہ ہے کہ کسی دستاویز پر جو سرکار عالی کی جانب سے یا سرکار عالی کے لئے یا سرکار عالی کے حق میں لکھی جائے اُس صورت میں اسٹامپ واجب الاخذ نہ ہوگا جبکہ بحالت نہ ہونے اس استثنا کے سرکار عالی پر اسٹامپ واجب الاخذ ادا کرنیکی ذمہ داری عائد ہوتی۔

دفعہ ۴ -

جب بیع - رہن یا تملیک کی ایک ہی کارروائی میں متعدد دستاویزات تکمیل کی جائیں۔

(۱) جب معاملہ بیع یا رہن یا تملیک کا ہو اور اس کی تکمیل کے لئے ایک سے زائد دستاویزات لکھی جائیں تو بیعنامہ یا رہننامہ یا تملیک نامہ کے لئے جو اسٹامپ ضمیمہ میں واجب الاخذ قرار دیا گیا ہے وہ صرف اصل دستاویز پر واجب الاخذ ہوگا اور بقیہ دستاویزات میں سے ہر ایک پر صرف *[THREE RUPEES]

*Amended by Regulation No. XIV of 1359 F.

کا اسٹامپ واجب الاخذ ہوگا گو ضمیمہ مذکور میں کوئی اور حکم ہو ۔

(2) The parties may determine which of the few instruments shall, for the purposes of sub-section (1), be deemed to be the principal instrument:

(۲) ۔ فریقین یہ قرار دے سکتے ہیں کہ ایسی چند دستاویزات میں سے ضمن (۱) کی اغراض کے لئے کونسی دستاویز اصل سمجھی جائیگی

Provided that the stamp duty chargeable on such principal instrument shall be the highest duty which would be chargeable on any of the said instruments.

مگر شرط یہ ہے کہ اسٹامپ جو ایسی اصل دستاویز پر واجب الاخذ ہوگا وہ سب سے زیادہ قیمت کا ہوگا جو اون دستاویزات میں سے کسی پر واجب الاخذ ہو ۔

Stamp duty when instrument comprises certain matters.

رسوم اسٹامپ جب دستاویز چند مطالب پر حاوی ہو ۔

5. Any instrument comprising or relating to certain distinct matters and not forming part of the same transaction shall be chargeable with the aggregate amount of the duties with which, if separate instruments were written for each of such matters, would be chargeable.

دفعہ ۵ ۔ ہر دستاویز پر جو ایسے چند مطالب پر حاوی یا اون سے متعلق ہو جو ایک دوسرے سے بالکل جداگانہ ہوں اور ایک ہی معاملہ کا جز نہ ہوں رسوم بقدر مجموعہ ان رسوم کے واجب الاخذ ہوگی جو ان مطالب میں سے ہر ایک کی بابتہ علیحدہ علیحدہ دستاویز لکھے جانے کی صورت میں واجب الاخذ ہوتی ۔

(Translation)

Duty when instrument comes under two or more items in schedule.

6. Subject to the provisions of section 5, when an instrument is so framed as to come under two or more items of the schedule, and where different duties are chargeable therefor such instrument shall be chargeable with the highest duty of such items:

Porvided that nothing contained in this Act shall render chargeable with duty exceeding *[three rupees] a counterpart or duplicate of any instrument chargeable with duty and in respect of which the proper duty has been paid.

Power of Government to reduce or remit duties.

7. The Government may, by order or rule published in the Jarida —

(a) reduce or remit, whether prospectively or retrospectively, in the whole or any part of H.E.H. the

*Substituted by Regulation No. XIV of 1359 F.

قانون اسٹامپ ۔ نشان (۴) ۱۳۳۱ف

رسوم جب دستاویز ضمیمہ کی دو یا زیادہ مدات میں داخل ہو۔

دفعہ ۶ ۔ بپابندی احکام دفعہ ۵ جب کوئی دستاویز اس طرح مرتب کی گئی ہو کہ وہ ضمیمہ کی دو یا زائد مدات میں داخل ہو سکے اور ان مدات کے لئے مختلف رسوم واجب الاخذ ہو تو ایسی دستاویز پر وہ رسوم واجب الاخذ ہوگی جو ان مدات میں سے سب سے زائد ہو۔

مگر شرط یہ ہے کہ قانون ہذا کے کسی حکم کا یہ اثر نہ ہوگا کہ کسی ایسی دستاویز کے مثنیٰ یا پرتثانی کی بابتہ جو قابل ادائی رسوم ہو اور جس کی بابت کامل رسوم ادا ہو چکی ہو *[THREE RUPEES] سے زیادہ رسوم لی جائے۔

سرکار عالی کا اختیار نسبت تخفیف یا معافی رسوم۔

دفعہ ۷ ۔ سرکار عالی کو اختیار ہے کہ بذریعہ حکم یا قاعدہ مندرجہ جریدہ

(الف) ۔ کل یا جزو ممالک محروسہ سرکار عالی

*Substituted by Regulation No. XIV of 1359 F.

(Translation)

Nizam's Dominions, the duties which are payable on any instrument or any particular class of instruments, or on instruments written by or, in favour of any class of persons or by or in favour of a few persons of such class.

قانون اسٹامپ - نشان (۴) ۱۳۳۱ف

میں آئندہ کے لئے یا زمانہ گذشتہ کی بابت ان رسوم کو تخفیف یا معاف کرے جو کسی دستاویز یا خاص قسم کی دستاویزات پر یا ایسی دستاویزات پر جو کسی فرقہ اشخاص کی طرف سے یا اون کے حق میں یا اوس فرقہ کے چند آدمیوں کی طرف سے یا اون کے حق میں لکھی گئی ہوں - واجب الادا ہیں -

(b) repeal or alter such order or rule within the scope of the powers conferred by this Act.

(ب) - ایسے حکم یا قاعدہ کو تا حد اون اختیارات کے جو اس قانون میں عطا ہوئے ہوں منسوخ یا تبدیل کرے -

(B) Stamp and mode of its use.

(ب) - اسٹامپ اور اس کا طریقہ استعمال -

Mode of paying stamp duties.

8. (1) Except as otherwise expressly provided in this Act, all duties chargeable in respect of instruments shall be paid and such payment shall be indicated on the instruments by means of stamps -

رسوم اسٹامپ ادا کرنے کا طریقہ - دفعہ ۸ (۱) بجز اس کے کہ قانون ہذا میں کوئی صریح حکم اس کے خلاف ہو تمام رسوم جو دستاویزات کی بابت واجب الاخذ ہو - بذریعہ اسٹامپ ادا کی جائے گی اور ایسی ادائی دستاویزات پر بذریعہ اسٹامپ ظاہر ہوگی -

(*Translation*)

(a) according to the provisions contained in this Act; or

(b) when there is no provision in respect thereof in this Act, in such manner as the Government may by rules prescribe.

(2) The rules made under sub-section (1) may *inter alia* apply to the following matters:–

(a) the description of stamp which shall be used for each kind of instrument;

(b) where instruments are impressed with stamps, the number of stamps which may be used;

(c) the size of the paper on which bill of exchange or promissory note shall be written.

Instruments on which adhesive stamp may be affixed.

9. The following instruments may be stamped with adhesive stamps:—

قانون اسٹامپ نشان (۴) ۱۳۳۱ف

(الف) حسب احکام مندرجہ قانون ہذا - یا

(ب) جب قانون ہذا میں اس کے متعلق کوئی حکم نہ ہو تو اس طریقہ سے جو سرکار عالی بذریعہ قواعد مقرر کرے -

(۲) - قواعد جو حسب ضمن (۱) وضع کئے جائیں وہ منجملہ اور امور کے حسب ذیل امور کے متعلق ہو سکتے ہیں :-

(الف) ہر قسم کی دستاویز کے لئے کس قسم کا اسٹامپ استعمال کیا جائے گا -

(ب) جب دستاویزات پر اسٹامپ ٹھپے سے منقش ہوں تو اسٹامپ کس قدر تعداد میں استعمال کئے جا سکیں گے -

(ج) - بل آف اکسچینج یا پرامیسری نوٹ کس قدر عرض و طول کے کاغذ پر لکھے جائیں گے -

کن دستاویزات پر اسٹامپ چسپانیدنی لگانا جائز ہے -

دفعہ ۹ - مفصلہ ذیل دستاویزات پر

(a) instruments for which a duty of *[one and a half annas or one anna] is prescribed except parts of a bill of exchange not payable on demand and drawn in a few sets;

(ب) ۔ بل آف ایکسچینج [ ]* اور پرامیری نوٹ جن کی تکمیل بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی کی جائے ۔

(b)bill of exchange†[ ] and promissory note made out of H.E.H. the Nizam's Dominions;

(ج) ۔ کسی رجسٹری شدہ کمپنی یا سند یافتہ جماعت کے حصص کا انتقال بذریعہ عبارت ظہری ۔

(c) transfer by endorsement of shares of any incorporated company or body. corporate.

Cancellation of adhesive stamps.

10. (1) (a) Whoever affixes adhesive stamp to any duty payable instrument which has been executed by any person shall, when affixing stamp, so cancel or obliterate the same that it cannot be used again; and

دفعہ ۱۰ ۔ (۱) ۔ (الف) کوئی شخص جو کسی دستاویز قابل ادائی رسوم پر جس کی تکمیل کسی شخص نے کی ہو اسٹامپ چسپا نیدنی ثبت کرے وہ اسٹامپ ثبت کرنے کے وقت

اسٹامپ چسپا نیدنی کا قلمزد کیا جانا ۔

*Substituted by Regulation No. XIV of 1359 F.
†Omitted by Regulation No. XIV of 1359 F.

*Amended by Regulation No. XIV of 1359 F.

(b) whoever executes any instrument on any paper bearing an adhesive stamp shall, at the time of such execution, unless such stamp has been already cancelled or obliterated in the manner aforesaid, so cancel or obliterate the same that it cannot be used again.

اس کو اس طرح قلمزد یا بیکار کرے گا کہ وہ مکرر استعمال نہ کیا جاسکے۔ اور

(ب)۔ کوئی شخص جو کسی ایسے کاغذ پر کسی دستاویز کی تکمیل کرے جس پر چسپا نیدنی اسٹامپ ثبت ہو وہ ایسی تکمیل کے وقت اس اسٹامپ کو اس طرح قلمزد یا بیکار کریگا کہ وہ مکرر استعمال نہ کیا جاسکے بجز اس کے کہ وہ اسٹامپ حسب طریقہ مصرحہ صدر اس کے قبل قلمزد یا بیکار کیا جاچکا ہو۔

(2) Any instrument bearing an adhesive stamp which has not been so cancelled or obliterated that it cannot be used again shall, so far as such stamp is concerned, be deemed to be unstamped.

(۲)۔ کوئی دستاویز جس پر اسٹامپ چسپا نیدنی ثبت ہو لیکن وہ اسٹامپ اس طرح قلمزد یا بیکار نہ کیا گیا ہو کہ وہ مکرر استعمال نہ کیا جاسکے جہاں تک کہ اس اسٹامپ کا تعلق ہے غیر اسٹامپ شدہ متصور ہوگی۔

(3) The person required by sub-section (1) to cancel or obliterate an adhesive stamp may cancel or obliterate it by writing on it his name or initials or the name or initials of his firm with the true date of his so writing, or in any other effectual manner.

(۳)۔ جس شخص پر حسب ضمن (۱) قلمزد یا بیکار کرنا لازم ہے وہ چسپا نیدنی اسٹامپ کو اس طرح قلمزد یا بیکار کرسکتا ہے کہ اوس پر اپنا نام یا اپنے نام کے ابتدائی حروف لکھے یا اپنی کوٹھی کا نام یا اوس نام کے ابتدائی حروف لکھے اور اس پر ایسی تحریر کی صحیح تاریخ لکھے یا وہ اس کو کسی اور موثر طریقے سے

(Translation)

11. Every instrument written upon paper stamped with impressed stamp shall be written in such manner that the stamp may appear on the face of the instrument and such stamp cannot be used for or applied to any other instrument.

Manner of writing instrument on impressed stamp.

12. No second duty payable instrument shall be written upon any stamped paper upon which a duty payable instrument has already been written :

Where any instrument has been written on stamp, no second instrument shall be written thereon.

Provided that nothing in this section shall prevent any endorsement which is duly stamped or in respect of which no duty is payable being made upon any instrument for the purpose of transferring any right created or expressed thereby, or of acknowledging the receipt of any money or goods the payment or delivery of which is acknowledged in such instrument.

قلمزد یا بیکار کر سکتا ہے ۔

اسٹامپ منقش پر دستاویز لکھنے کا طریقہ ۔

دفعہ ۱۱ ۔ ہر دستاویز جو منقش اسٹامپ کے کاغذ پر لکھی جائے وہ اس طرح لکھی جائے گی کہ اسٹامپ دستاویز کی پیشانی پر نمایاں رہے اور ایسا اسٹامپ کسی دوسری دستاویز کے لئے مستعمل یا کارآمد نہ ہو سکے ۔

جب کسی اسٹامپ پر کوئی دستاویز لکھی جا چکی ہو تو اس پر کوئی دوسری دستاویز نہ لکھی جائے گی ۔

دفعہ ۱۲ ۔ کوئی دوسری دستاویز لائق ادائی رسوم کسی ایسے اسٹامپ کے کاغذ پر نہ لکھی جائیگی جس پر کوئی دستاویز لائق ادائی رسوم اس کے قبل لکھی جا چکی ہو ۔

مگر شرط یہ ہے کہ دفعہ ہذا کا کوئی مضمون اس کے مانع نہ ہوگا کہ کوئی عبارت ظہری جس پر حسب ضابطہ اسٹامپ ثبت ہو یا جس کی بابت کوئی رسوم واجب الادا نہ ہو ۔ کسی دستاویز پر اس غرض سے لکھی جائے کہ جو حق اس دستاویز کی رو سے قائم یا ظاہر کیا گیا ہو وہ منتقل کیا جائے یا کسی رقم یا مال کی وصول یابی کا اقرار کیا جائے

13. Every instrument written in contravention of section 11 or section 12 shall be deemed to be unstamped.

Effect of contravention of provisions of sections 11 and 12.

جس کی ادائی یا حوالگی کا دستاویز مذکور میں اقرار ہو ۔

خلاف ورزی احکام دفعہ ۱۱ و ۱۲ کا اثر ۔

دفعہ ۱۳ ۔ ہر دستاویز جو دفعہ ۱۱ یا دفعہ ۱۲ کے احکام کے خلاف لکھی جائے وہ غیر اسٹامپ شدہ متصور ہوگی ۔

14. Where the duty with which an instrument is chargeable, or the exemption from duty of any instrument, depends upon the duty actually paid in respect of another instrument, the amount of duty already paid of the latter instrument shall on application being made for that purpose and onproduction of both the instruments be denoted upon the first-mentioned instrument, by endorsement, under the hand of the Taluqdar or in such manner as the Government may by rules prescribe.

Payment of duty when to be denoted by Taluqdar.

تعلقدار ادائی رسوم کی کیفیت کب تحریر کریگا ۔

دفعہ ۱۴ ۔ جب یہ امر کہ کسی دستاویز پر کس قدر رسوم واجب الاندہے یا کوئی دستاویز ادائی رسوم سے معاف ہے اس امر پر منحصر ہو کہ کسی دوسری دستاویز کے متعلق فی الواقع کس قدر رسوم ادا ہو چکی ہے تو اوس غرض کے لیے درخواست اور دونوں دستاویزات کے پیش ہونے پر دستاویز اول الذکر پر بذریعۂ عبارت ظہری دستخطی تعلقدار یا اس طریقہ پر جو سرکار عالی بذریعہ قواعد مقرر کرے اس امر کی کیفیت درج کی جائے گی کہ اوس دوسری دستاویز پر کس قدر رسوم ادا کی جا چکی ہے ۔

(C) *The time of stamping instruments.*

(ج) ۔ دستاویزات پر اسٹامپ لگانے کا وقت ۔

(*Translation*)

15. All instruments chargeable with duty and executed within H. E. H. the Nizam's Dominions shall be stamped at or before the time of execution.

Instruments executed within H.E.H. the Nizam's Dominions.

16. (1) Instruments, other than a bill of exchange, *[ ]and promissory note chargeable with duty, and executed only out of H. E. H. the Nizam's Dominions may be stamped within three months from the date on which they are for the first time brought into H. E. H. the Nizam's Dominions.

Instruments other than bills of exchange, *[]& Promissory notes executed out of H.E.H. the the Nizam's Dominions.

(2) Where any such instrument can not according to the description of stamp prescribed therefor be stamped by a non official, it shall be produced within the aforesaid period of three months before the Taluqdar who shall stamp the same in such manner as the Government may, by rules, prescribe, with stamp of such

*Omitted by Regulation No. XIV of 1359 F.

قانون اسٹامپ۔ نشان (۴) سنہ ۱۳۳۱ ف

دفعہ ۱۵۔ جملہ دستاویزات جن پر رسوم واجب الاخذ ہو اور جو ممالک محروسہ سرکار عالی کے اندر تکمیل کی جائیں اُن پر اسٹامپ تکمیل کے وقت یا اس کے قبل لگایا جائیگا۔

جب دستاویزات ممالک محروسہ سرکار عالی کے اندر تکمیل کی جائیں۔

دفعہ ۱۶۔ (۱) بل آف ایکسچینج [ ]* اور پرامیسری نوٹ کے سوائے دوسری دستاویزات جن پر رسوم واجب الاخذ ہو اور جن کی تکمیل صرف بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی ہوئی ہو ان پر اسٹامپ اس تاریخ سے تین مہینے کے اندر ثبت کیا جاسکتا ہے جب وہ اول مرتبہ ممالک محروسہ سرکار عالی میں لائی جائیں۔

بل آف ایکسچینج [ ]* اور پرامیسری نوٹ کے سوائے دوسری دستاویزات جو بیرون ممالک محروسہ تکمیل کی جائیں۔

(۲)۔ جب اسٹامپ کی نوعیت کے لحاظ سے جو اس دستاویز کے لئے مقرر کیا گیا ہو اس اسٹامپ کو غیر سرکاری شخص ثبت

*Omitted by Regulation No. XIV of 1359 F.

قانون اسٹامپ ۔ نشان (۱۹) ۱۳۳۱ ف

value as the person producing the instrument may require and pay:

نہ کرسکتا ہو تو وہ دستاویز تین مہینے کی مدت متذکرہ صدر کے اندر تعلقدار کے روبرو پیش کی جائے گی اور وہ اس پر اس طریقہ کے موافق جو سرکار عالی نے بذریعہ قواعد مقرر کیا ہو اس قدر اسٹامپ ثبت کرے گا جس کی پیش کنندہ دستاویز رقم ادا کرکے خواہش کرے۔

17. Every person who is the first holder in H.E.H. the Nizam's Dominions of any bill of exchange*[ ] or promissory note made out of H.E.H. the Nizam's Dominions shall, before presenting the same for acceptance or payment, or endorsing or transfering or otherwise negotiating the same in H. E. H. the Nizam's Dominions, affix thereto the chargeable stamp and cancel and obliterate the same:

Bills of exchange*[ ] and promissory notes made out of H.E.H. the Nizam's Dominions.

دفعہ ۱۷۔ بل آف اکسچینج [ ]* اور پرامیسری نوٹ جنکی تکمیل بیرون ممالک محروسہ ہوئی ہو۔

ہر شخص جو ممالک محروسہ سرکار عالی میں کسی ایسے بل آف اکسچینج [ ]* یا پرامیسری نوٹ کا پہلا قابض ہو جس کی تکمیل بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی ہوئی ہو اس کو ممالک محروسہ سرکار عالی میں سکرائی یا ادائی کے لئے پیش کرنے یا اس پر عبارت ظہری لکھنے یا اس کو منتقل کرنے یا اور کسی طور پر خرید و فروخت کرنے کے قبل اس پر اسٹامپ واجب الاخذ ثبت کرکے اس کو قلمزد اور بیکار کرے گا۔

*Omitted by Regulation No. XIV of 1359 F.

*Omitted by Regulation No. XIV of 1359 F.

(*Translation*)

قانون اسٹامپ۔ نشان (۴) ۱۳۳۱ف

(*D*) *Valuation for Charging Duty.*

(د)۔ تعیین مالیت بغرض اخذ رسوم

Foreign currency to be valued at market rate.

18. (1) Where an *ad valorem* duty is payable on an instrument and the value is expressed in any foreign currency, the stamp duty shall be calculated in the Osmania Currency, at the market rate on the date of the instrument.

ملک غیر کے سکہ کا تعین مالیت بموجب شرح بازار ہوگا۔

دفعہ ۱۸۔ (۱) جب کسی دستاویز پر رسوم مالیت کے لحاظ سے واجب الادا ہو اور مالیت کسی ملک غیر کے سکہ میں ظاہر کی گئی ہو تو رسوم اسٹامپ سکہ عثمانیہ کے حساب سے اس شرح بازار سے محسوب ہوگی جو بتاریخ دستاویز ہو۔

(2) The Government may, from time to time, by notification, prescribe a rate of exchange for any foreign currency into the Osmania Currency; and the rate contained in such notification shall be deemed to be the market-rate for the purposes of sub-section (1).

(۲)۔ سرکار عالی وقتاً فوقتاً بذریعہ اشتہار یہ قرار دے سکے گی کہ کسی غیر ملک کے سکہ کی شرح بٹاون سکہ عثمانیہ کے ساتھ کیا ہوگی اور جو شرح ایسے اشتہار میں درج ہو وہ ضمن (۱) کی اغراض کے لئے شرح بازار متصور ہوگی۔

Mode of valuing stocks or other negotiable securities.

19. Where *advalorem* duty is payble on any instrument in respect of any stock or security such duty shall be calculated at the average market price of such stock or security on the date of the instrument.

اسٹاک یا دیگر کفالت نامہ جات قابل بیع و شری کے تعین مالیت کا قاعدہ۔

دفعہ ۱۹۔ جب کسی دستاویز پر رسوم کسی اسٹاک یا کفالت نامہ کی مالکیت کے لحاظ سے واجب الادا ہو تو ایسی رسوم تاریخ دستاویز پر اس اسٹاک یا کفالت نامہ کی اوسط قیمت بازار کے لحاظ سے

(Translation)

Provided that—

